تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

August,18, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ریگنگ مخالف ہفتہ منایا گیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں بارہ اگست سے اٹھارہ اگست دو ہزار تیئیس تک ریگنگ مخالف ہفتہ منایا گیا۔انڈیا عرب کلچر سینٹر نے ایم اے کے طلبا کے لیے ایک مقابلہ منعقد کیا جس میں ان سے کہا گیا تھا کہ وہ ریگنگ مخالف اشتہارات تیار کریں۔ان اشتہارات کو سینٹر کی لائبریری میں نمائش کے لیے رکھا گیا تھا۔مزید برآں ریگنگ مخالف ہفتہ کوفروغ دینے کی غرض سے سترہ اگست کوایک مذاکرہ بھی رکھا گیا تھا جس کا مقصد طلبا اور فیکلٹی اراکین دونوں کواس سلسلے میں منہمک رکھنا تھا۔

ریگنگ مخالف پروگراموں کے انعقاد کا مقصد طلبا کے درمیان ریگنگ کی لعنت کے سلسلے میں بیداری پیدا کرنا تھا۔سینٹر کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر ناصر رضا کے استقبالیہ خطبے سے پروگرام کا افتتاح ہوا۔تمام طلبا کے لیے محفوظ اور معاون ماحول پیدا کرنے کی اہمیت پر انھوں نے زور دیا اور ریگنگ کی روک تھام کی ضرورت پر بھی زور دیا۔پروفیسر خان نے تمام طلبا کا حوصلہ بڑھایا کہ وہ اپنے سینئرز کے ساتھ بات چیت کریں تا کہ سینٹر اور اس کے کاموں سے متعلق اور زیادہ جان سکیں اور نئے طلبا اور سینئرز کے درمیان جو خلیج ہے اس کو بھی توڑنے میں یہ ماحول معاون ہو۔

انھوں نے کہا کہ ریگنگ روکنے کے لیے یونیورسٹی تمام طلبا کو سازگار اور معاون ماحول فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہے۔انھوں نے کہا کہ ریگنگ کے خلاف یونیورسٹی کی سخت پالیسی ہے اور جو بھی اس میں ملوث پائے جائیں گے ان کے لیے سخت سزا مقرر ہے۔پروگرام کے اختتام پر طلبا نے یونیورسٹی ریگنگ مخالف پالیسی کی حمایت کا عہد کیا۔

ٹورزم ڈپارٹمنٹ اور فیکلٹی آف مینجمنٹ اسٹڈیز نے بھی سترہ اگست دو ہزار تیئیس کو اینٹی ریگنگ ویک منایا۔ریگنگ کی روک تھام کے مقصد سے اور ریگنگ کی سزا سے متعلق سپریم کورٹ اور یو جی سی کے رہنما خطوط سے بھی طلبا کو واقف کرایا۔اس کے مطابق ڈی ٹی ایچ ایم نے اشتہار سازی مقابلہ،نعرہ لکھنے کا مقابلہ اور نکڑ ناٹک جیسے متعدد پروگرام منعقد کیے۔صدر شعبہ پروفیسر سارہ حسین نے طلبا کو اس موقع پر خطاب کیا اور انھیں اس بات کے لیے ترغیب دی کہ وہ کسی غلط کام میں ملوث ہونے کے بجائے تازہ واردان کیمپس کے لیے دوست ثابت ہوں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سوشل ورک ڈپارٹمنٹ نے بھی رینگنگ مخالف ہفتہ کے تحت اشتہار سازی اور نعرہ لکھنے کے مقابلے

منعقد کیے۔ طلبا نے ریگنگ مخالف سرگرمیوں سے متعلق جاذب نظر پوسٹر تیار کیے۔ کیمپس کو محفوظ اور سازگار جگہ بنانے کے تئیں جہاں طلبا آزادی اور عزت کے ساتھ تحصیل علم کرسکیں طلبا کی محنت اور ان کاوشوں میں ان کا جوش و جذبہ نظر آ رہا تھا۔ اشتہار سازی اور نعرہ کی تحریر کے لیے طلبا کو دو گھنٹے کا وقت دیا گیا تھا۔ مقابلوں کی سب سے اہم بات صدر شعبہ پروفیسر نیلم سکھرامنی کا پیغام تھا جس نے یاددہانی کرائی کہ ہم جماعت ایک دوسرے کے حریف نہیں ہوتے بلکہ وہ ایک دوسرے کے لیے تعاون کا ذریعہ اور وسیلہ ہوتے ہیں۔ انھوں نے اپیل کی کہ ہمیں ایک دوسرے کی صلاحیتوں، افکار، تصورات اور تخلیقیت کی قدر اور ستائش کرنی چاہیے۔ پروگرام کے اختتام پر انھوں نے اعلان کیا کہ سارے اشتہارات شعبہ کے نوٹس بورڈ پر چسپاں کیے جائیں گے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی